# انڈیا فاؤنڈیشن فار آرٹس
# India Foundation for Arts

India Foundation for the Arts
I F A

آپ محقق یعنی ریسرچ کرنے والے ہیں یا خود آرٹسٹ ہیں جنھیں (۱) یہ معلوم کرنے میں دلچسپی ہے کہ فنکارانہ اعمال کس طرح تشکیل پاتے ہیں اور پھر روایت میں شمار کیے جانے لگتے ہیں یا (۲) اپنے زمانے کے فنون میں ہونے والی تبدیلیوں کا مطالعہ کرنے میں دلچسپی ہے۔

موضوع کی وسعت:

مالی امداد کا یہ پروگرام اسکالروں ریسرچ کرنے والوں اور فنکاروں کو مدد دیتا ہے کہ وہ ریسرچ اور دستاویزی شہادت جمع کرنے کے ایسے پراجکٹ ہاتھ میں لیں جو مندرجہ ذیل موضوع سے متعلق ہوں:

(۱) ریسرچ اور دستاویزی شہادت جن کا مقصد عصری فنون کے عمل درآمد میں نئے مظاہر کا مطالعہ کرنا ہو۔

ایک ریسرچ اسکالر یا فنکار کی حیثیت سے ممکن ہے کہ آپ اس بات کا مطالعہ کرنا چاہتے ہوں کہ عصری فنون میں کیا نئی اور عملاً کیا تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں۔ مثال کے طور پر آپ ممکن ہے یہ مطالعہ کرنا چاہتے ہوں کہ ٹکنالوجی کا جیسے ٹی وی اور انٹرنیٹ کا عصری فنون کے ساتھ کس طرح کا رشتہ پیدا ہوتا ہے۔ ممکن ہے آپ کسی خاص جگہ سے متعلق کام پر تحقیق کرنا چاہتے ہوں یا مقامی برادریوں یا نیچرل ماحولیات سے متعلق ہو۔ یا ممکن ہے کہ آپ تشکیل فن کے جمہوری عمل کا مطالعہ کرنا چاہتے ہوں جس کی بدولت فنکار اور ناظرین کا فرق بہت غیر واضح ہو جاتا ہے۔

آپ کو ممکن ہے ریسرچ کے موجودہ طریقے استعمال کرنا ہی پسند ہو یا ہو سکتا ہے کہ آپ تحقیق کے لیے کچھ نئے فکری طور طریقے ٹیکنکل اوزار استعمال کرنا چاہتے ہوں جو مختلف موضوعات پر تحقیق کے موجودہ طور طریقوں سے مختلف ہوں اور جو عصری فنون کا مطالعہ کرنے کے لیے کچھ روشنی ڈال سکیں۔

(۲) ایسی ریسرچ اور دستاویزی شہادت کی فراہمی جو تنقیدی نگاہ سے اس مسئلے پر غور کرے کہ فنکارانہ روایات تشکیل کس طرح پاتی ہیں یا کس طرح ان کا پُنر جنم ہوتا ہے۔

روایت کے لیے انگریزی میں لفظ ٹریڈیشن جس کی بنیاد ہے لاطینی لفظ ٹراڈیشنم۔ اس کے لفظی معنی ہیں ''سپرد کرنا''ایک نسل اپنی آنے والی نسل کو جو کچھ دیتی ہے اس میں علم، عقائد، حکایات، عادات وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ روایت میں دوسری چیزیں بھی شامل ہوسکتی ہیں جیسے ہمارے مدت سے جاری وساری تہذیبی عقائد یا اعمال کے دائرے کے اندر مدت سے قائم انداز فکر وعمل۔

چوں کہ روایت مخصوص عقائد اقدار اور طور طریقوں کی پورے شدومد کے ساتھ توثیق اور تائید کا ذریعہ بن جاتی ہے اس لیے ورثہ میں ملنے کے بجائے اکثر اسے ایجاد کیا جاتا ہے یا اسے نئی شکل دے دی جاتی ہے۔ بہت سی عادات جنھیں روایت کا نام دیا جاتا ہے دراصل کچھ ہی مدت پہلے کی ایجاد ہیں۔ جنھیں مختلف وجوہ سے قائم کیا گیا مثلاً کچھ اعمال کو جائز قرار دینا ضروری خیال کیا گیا یا کچھ طاقت ور گروہوں کے باہمی رشتوں کو جائز قرار دینا۔

اس موضوع پر تحقیق کرنے والوں یا فنکاروں کو امداد دی جائے گی جو معلوم کرنے کی کوشش کریں کہ روایات کی نوتشکیل کیوں اور کیوں کر عمل میں آتی ہے۔ مثال کے طور پر ممکن ہے آپ کو یہ چھان بین کرنے میں دلچسپی ہو کہ جب کوئی روایت ایجاد ہوتی ہے یا نوتشکیل ہوتی ہے تو ان سے وابستہ کون سے نئے معنی ہیں کیا اقدار ہیں اور ان کے سمبل کے کیا معنی ہیں۔ یا یہ کہ اس نوتشکیل میں کیا کچھ چھوڑ دیا گیا، کیا کچھ دبا دیا گیا یا کھو گیا۔ ممکن ہے آپ کو یہ معلوم کرنے میں دلچسپی ہو کہ یہ مظہر کس طرح فنکار اور فن کی شکلوں/طریقوں، فن پارے کے پیدائش کے پس منظر اور اس کی مقبولیت یا نا قبولیت کے درمیان رشتہ کے طور پر بدل جاتا ہے یا ہوسکتا ہے کہ آپ کو یہ پتہ چلانے میں دلچسپی ہو کہ روایات کی تشکیل میں کون سے نظریات کا اثر بنیادی معلوم ہوتا ہے۔

درخواست:

اس امدادی پروگرام کے سلسلے میں اگر آپ کچھ سوال پوچھنا چاہیں تو IFA کے اسٹاف ممبر آپ کے سوالوں کا خیر مقدم کریں گے۔ ہمیں بہت خوشی ہوگی اگر آپ اپنے خیالات پر ہماری رائے معلوم کرنا

چاہیں یا اگر آپ چاہیں تو آپ تحریری طور پر اپنی تجویز ہمیں بھیج دیجیے جس پر ہم اپنے خیالات کا اظہار کریں اور تجویز پیش کریں۔اس کی آخری تاریخ 30 April 2014 ء ہے۔

آپ کی درخواست ہارڈ کاپی کی شکل میں ہونی چاہیے اور ہمارے پاس حد سے حد May 31 2014ء تک پہنچ جانا چاہیے۔امید ہے کہ July 2014ء تک ان ناموں کا اعلان کر دیا جائے گا جنھیں امداد دی جائے گی۔

آپ اپنی تجویز کسی بھی ہندوستانی زبان میں بھیج سکتے ہیں جن میں انگریزی بھی شامل ہے۔آپ کے پروجیکٹ پر عمل درآمد کی مدت کم سے کم بارہ مہینے اور زیادہ سے زیادہ اٹھارہ مہینے ہونی چاہیے۔

آپ تین لاکھ روپیہ امداد تک کی درخواست کر سکتے ہیں۔اگر آپ فلم میکر ہیں تو پانچ لاکھ روپیہ تک کی امدادی رقم کی درخواست کر سکتے ہیں۔

امداد کی پوری مدت کے دوران آپ حد سے حد ایک لاکھ چوالیس ہزار روپیہ کے آن ریریم سے زیادہ کا بجٹ نہیں بنا سکتے۔براہ مہربانی یہ بات ذہن میں رکھیے کہ کل امدادی رقم میں آنریریم شامل ہے۔

درخواست دینے کے لیے براہ مہربانی ہمیں اپنی تجویز بھیجئے جس میں ذکر ہو:

(الف) اس خاص فنی روایت یا روایات کا یا عصری فنکارانہ عمل کا جس کے متعلق آپ ریسرچ کرنا چاہتے ہیں اور جس کے متعلق آپ دستاویزیں جمع کرنا چاہتے ہیں۔

(ب) ریسرچ کے متعلق وہ تمام سوال جو آپ کے پروجیکٹ میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔

(ج) ریسرچ کے وہ طور طریقے جن پر آپ عمل کرنا چاہتے ہیں اور/ یا نئے طور طریقے جن پر آپ عمل کرنا چاہتے ہیں تا کہ آپ اپنی تحقیق کے ساتھ انصاف کر سکیں۔

(د) آپ کے ذہن میں آپ کے پروجیکٹ کو کتنی مدت درکار ہوگی اور آپ کے کام کا منصوبہ کیا ہے۔

(ر) اس پروجیکٹ سے آپ کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

آپ کی تجویز کو نامکمل سمجھا جائے گا اگر اس میں آپ مندرجہ ذیل چیزیں شامل نہ کریں گے:

(الف) اگر آپ کے پاس کوئی تائیدی مواد موجود ہے جس سے ہمیں آپ کے کام کا کچھ اندازہ ہو سکے۔

(ب) آپ کا بایوڈاٹا۔

(ج) بجٹ کی پوری تفصیلات کہ کس چیز پر کتنا خرچ آئے گا۔ اگر کہیں اور سے بھی آپ کو امداد ملتی ہے تو اس کا بھی تفصیلی ذکر۔

(د) آپ کا پتہ، ٹیلی فون، فیکس نمبر اور ای میل پتہ۔

(ر) اگر آپ کسی تنظیم کی طرف سے درخواست دے رہے ہیں تو اس تنظیم کا پس منظر اس کے قوانین اور قاعدے، سالانہ رپورٹ اور گزشتہ تین برسوں کا آڈٹ کیا ہوا حساب کتاب۔

<u>عام معلومات:</u>

(۱) ہماری امدادی رقم صرف پروجیکٹ سے متعلق کارکنوں کے اخراجات، سرگرمیوں اور سفر کے لیے ہوگی اور اگر ضروری ہوا تو کم خرچ آلات اور اشیاء کے لیے ہوگی۔ براہ مہربانی یہ بات ذہن نشین ہونی چاہیے کہ بجٹ کی ہر مد پروجیکٹ سے متعلق مخصوص کام کے لیے ہوگی۔

(۲) اگر آپ ایک فرد ہیں تو ایک اکاؤنٹنٹ کے لیے بجٹ میں ایک مد رکھئے۔

(۳) براہ مہربانی اداروں کے مختلف اخراجات بجٹ میں شامل نہ کیجیے اور نہ ہی تعمیراتی یا اس سے متعلق چیزوں کو بجٹ میں شامل کیجیے۔

(۴) براہ مہربانی تجویز کی عبارت میں اپنی انفرادیت کو نمایاں مت کیجیے۔

(۵) آپ اپنی تجویز ہمیں ای میل کر سکتے ہیں لیکن اپنی قطعی شکل کی تجویز اور اس کی تائیدی چیزیں صرف ہارڈ کاپی کی شکل ہی میں ہوں اور حد سے حد 31 May 2013ء تک ہمارے پاس پہنچ جانا چاہیے۔

(۶) IFA تک آپ کی تجویز اور اس کے تائیدی سامان کو مقررہ وقت تک پہنچانے کی ذمہ داری آپ کی ہے۔ دیر میں پہنچنے والی درخواستوں کو قبول نہ کیا جائے گا۔

(۷) اگر آپ کی تجویز شارٹ لسٹ ہوگی تو ممکن ہے آپ سے اس کی جانچ پڑتال کے لیے رابطہ قائم کیا جائے اور جواب کی امید کی جائے۔

(۸) آپ کی تجویز کی جانچ پڑتال میں باہر کے ماہرین سے مدد لی جائے گی اور مالی امداد کے متعلق IFA کا فیصلہ آخری اور قطعی ہوگا۔

## کون لوگ درخواست دے سکتے ہیں:

آپ درخواست دینے کے اہل ہیں اگر آپ ہندوستان کے شہری ہیں، اگر آپ کی تنظیم رجسٹرڈ ہندوستانی منافع نہ کمانے والی تنظیم ہے یا آپ کم سے کم پانچ برس سے ہندوستان میں رہتے ہوں۔ آپ اپنی درخواست اور دوسری چیزیں اس پتے پر بھیجیں:


Tanveer Ajsi
Programme Executive
India Foundation for the Arts,
'Apurva', Ground floor, No 259,
4th Cross, Raj Mahal Vilas, 2nd Stage, 2nd Block,
Bengaluru 560 094.
Tel: 080 23414681/82
E-mail: tanveerajsi@indiaifa.org


---

اس سرکلر کا دوسری ہندوستانی زبانوں میں ترجمہ www.indiaifa.org سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔